# 5852- عشرہ بشرہ کون ہیں ؟

## سوال

عشرہ بشرہ کون ہیں ؟

## پسندیدہ جواب

عشرہ بشرہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ صحابہ ہیں جن کا ذکر عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ تعالی عنہ کی روایت کردہ حدیث میں ہے :

عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

(ابو بکر رضی اللہ تعالی عنہ جنتی ہیں ، عمر رضی اللہ تعالی عنہ جنتی ہیں ، عثمان رضی اللہ تعالی عنہ جنتی ہیں ، علی رضی اللہ تعالی عنہ جنتی ہیں ، طلحہ رضی اللہ تعالی عنہ جنتی ہیں ، زبیر رضی اللہ تعالی عنہ جنتی ہیں ، عبدالرحمن بن عوف رض اللہ تعالی عنہ جنتی ہیں ، سعد رضی اللہ تعالی عنہ جنتی ہیں ، سعید رضی اللہ تعالی عنہ جنتی ہیں ، ابو عبیدہ رضی اللہ تعالی عنہ جنتی ہیں) سنن ترمذی حدیث نمبر (3682) ۔

اور جو حدیث میں سعد کا نام لیا گیا وہ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالی عنہ اور سعید بن زید رضی اللہ تعالی عنہ ہیں ۔

ان صحابہ کرام کے علاوہ اور بھی کئ ایک صحابہ کو جنت کی خوشخبری دی گئ ہے مثلا خدیجہ بنت خویلد رضی اللہ تعالی عنہا اور عبداللہ بن سلام اور عکاشہ بن محجن رضی اللہ تعالی عنہ وغیرہ بھی ہیں ۔

ایک ہی حدیث میں ان سب کے نام ذکر ہونے کی بنا پر انہیں عشرہ بشرہ کہا جاتا ہے ۔

واللہ اعلم .